# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI-54
# PRACTICE PAPER

MID TERM EXAMINATION (2022-23)

CLASS-X

SUBJECT-URDU-B (303)

TIME:3 Hrs. M.M.:80

**عام ہدایات:**

i. اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں۔

ii. سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii. ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

iv. جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

**1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** **1x5=5**

1905ء میں جب برطانوی حکومت نے بنگال کو مشرقی اور مغربی دو حصوں میں باٹنا تو لوگ بلبلا اٹھے۔ اسکول میں پڑھنے والے بارہ سال کے ایک لڑکے میگھ ناد ساہا کو جتنا غصہ آیا اتنا شاید اور کسی کو نہیں آیا۔ بنگال کو ایک کرانے کی جدوجہد کرنے والے انقلابی نوجوانوں کے جو جتھے بن رہے تھے ان میں شامل ہونے کے لیے میگھ ناد کی عمر بہت کم تھی۔ اس لیے انھیں اپنے غم وغصے کے اظہار کے لیے کوئی اور طریقہ اختیار کرنا تھا۔ انھیں ایسا موقع اس وقت مل سکا جب یہ اعلان ہوا کہ بنگال کا ایک گورنر ان کا اسکول دیکھنے آرہا ہے۔ اس سخت تاکید کے باوجود کہ گورنر کے استقبال کے لیے ہر بچے کو موجود ہونا چاہیے، ساہا اور ان کے کچھ دوست اس دن اسکول نہیں آئے جس دن گورنر کو آنا تھا۔ اگلے دن ساہا اور ان کے دوستوں کے نام اسکول کے رجسٹر سے کاٹ دیے گئے۔ ساہا کو اپنے دوستوں سے زیادہ قیمت چکانی پڑی کیونکہ انھیں اس وظیفے سے بھی ہاتھ دھونا پڑا جو انھیں چند مہینے پہلے ملنا شروع ہوا تھا۔

i برطانوی حکومت نے بنگال کو مشرقی اور مغربی دو حصّوں میں کب باٹنا؟

A 1911 میں

B 1905 میں

C 1950 میں

D 1947 میں

ii نوجوانوں کے انقلابی جتھے میں میگھ ناد ساہا کیوں نہیں شامل ہو سکے؟

A عمر کم ہونے کی وجہ سے

B کمزوری کی وجہ سے

C خراب صحت کی وجہ سے

D نادانی کی وجہ سے

iii جب بنگال تقسیم ہوا اس وقت میگھ ناد ساہا کی عمر کتنی تھی؟

A گیارہ سال

B چودہ سال

C بارہ سال

D دس سال

iv کس کے استقبال کے لیے ہر بچے کو اسکول میں حاضر ہونا تھا؟

A گورنر کے

B وزیر کے

C پرنسپل کے

D وزیر اعظم کے

v استقبال کے لیے اسکول نہ جانے کی وجہ سے ساہا کو کس سے ہاتھ دھونا پڑا؟

A کھیل سے

B وظیفے سے

C ترقی سے

D جاگیر سے

**2-درج ذیل غیر درسی شعری حصے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

ایک بار ایسا ہوا برسات میں — سرد، لمبی گھُپ اندھیری رات میں
ایک ننھی بوند آنکھیں میچتی — ہچکچاتی سانس اندر کھینچتی
چھوڑ کر بادل کا پہلو جب چلی — دِل ہی دِل میں سوچ کر ڈرنے لگی
یہ بھیانک رات اور لمبا سفر — راستہ بھی کچھ نہیں آتا نظر
کیا بھروسہ آگ میں گر جاؤں میں — پھر نہ کچھ اپنا پتا بھی پاؤں میں

i. دل ہی دل میں سوچ کر کون ڈرنے لگی؟

A. بچی

B. چڑیا

C. ننھی بوند

D. ہوا

ii. ان اشعار میں کس موسم کا ذکر ہے؟

A. سردی

B. برسات

C. گرمی

D. خزاں

iii. راستہ کیوں نہیں نظر آرہا تھا؟

A. تیز روشنی کی وجہ سے

B. اندھیرے کی وجہ سے

C. چشمے کی وجہ سے

D. طوفان کی وجہ سے

iv. ننھی بوند کو کس میں گر کر فنا ہو جانے کا خوف ستا رہا تھا؟

A. میدان میں

B. آگ میں

C. کھیت میں

D. باغ میں

v. ان اشعار میں کس وقت کا ذکر ہے؟

A. دن

B. شام

C. صبح

D. رات

**3- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** **10**

i چھٹی کے بعد اسکول کا پہلا دن

ii پسندیدہ شخصیت

**4- اپنے والد کے نام خط لکھ کر آن لائن کلاسز کے تجربات بتائیے۔** **5**

**یا**

اسکول میں اردو اخبار منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔

**5-دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:** **1x12=12**

i 'پختہ' کا متضاد کیا ہے؟

A مضبوط

B کچا

C فرش

D چھت

ii ’عدم موجودگی‘ کا کیا مطلب ہے؟

A حاضری

B غیر حاضری

C آرام

D دنیا

iii ’نزدیک‘ کا متضاد کیا ہے؟

A قلیل

B لمبا

C پاس

D دور

iv حامد آگرہ گیا، وہاں سے وہ کتاب لایا۔ اس جملے میں ’حامد‘ کیا ہے؟

A اسم معرفہ

B ضمیر

C اسم نکرہ

D اسم عام

v ’معین‘ کا کیا مطلب ہے؟

A طے شدہ

B برباد

C زندگی

D دولت

vi ’ فرض‘ کی جمع کیا ہے؟

A فرائض

B فراز

C فرضی

D فرضیت

vii ’نشانات‘ کا واحد کیا ہے؟

A نشانوں

B نشان

C علامات

D نشیمن

viii مؤنث لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A ظلم

B موقع

C مصیبت

D راستہ

ix 'اسمٰعیل میرٹھی نے علم وادب کی دنیا میں نام پیدا کیا۔' اس جملے میں 'اسمٰعیل' کیا ہے؟

A اسم معرفہ

B اسم عام

C خطاب

D اسم نکرہ

x سوالیہ لہجے کے اظہار کے لیے جملے کے آخر میں جو نشان لگایا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

A فجائیہ نشان

B سکتہ

C سوالیہ نشان

D ختمہ

xi گھر کا مترادف کیا ہے؟

A بستی

B آبادی

C گاؤں

D مکان

xii 'زبانوں کا گھر ہندوستان' سبق کے مصنف کون ہیں؟

A کنھیالال کپور

B منشی پریم چند

C سید احتشام حسین

D محمد مجیب

**6-درج ذیل درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** **1x5=5**

ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش کے قصبے مہو میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اس زمانے میں چھوت چھات کی وبا عام تھی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے اس قسم کے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک دفعہ وہ اسکول جارہے تھے کہ بہت زور کی بارش شروع ہوگئی۔ وہ ایک مکان کی دیوار کے سہارے کھڑے ہونا چاہتے تھے۔ مکان کی مالکہ نے انھیں

ڈانٹااور وہاں سے چلے جانے پر مجبور کر دیا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ چھوٹی ذات کا کوئی فرد اس کے مکان کی دیوار کے پاس کھڑا رہے۔ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک استاد تھے جو ذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔ وہ سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔ وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔ استاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔

i. ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا؟

A. بھیم راؤ سکپال

B. امبیڈکر

C. پریم چند

D. کرشن چندر

ii. ۔ڈاکٹر امبیڈکر کو کب سے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا؟

A. جوانی سے

B. بچپن سے

C. بڑھاپے سے

D. یونیورسٹی سے

iii. ۔ڈاکٹر امبیڈ کو کس نے مکان کی دیوار کے سہارے کھڑا ہونے سے منع کر دیا؟

A. مکان کی مالکہ نے

B. مکان کے مالک نے

C. مکان کے ملازم نے

D. محلے کے چوکیدار نے

iv. ۔ڈاکٹر امبیڈ کے استاد کون تھے؟

A. بھیم راؤ

B. موہن راؤ

C. آنند راؤ

D. امبیڈکر

v. ۔ڈاکٹر امبیڈ کس قصبے میں پیدا ہوئے؟

A. جھانسی

B. اندور

C. مہو

D. رائے پور

1x5=5

7-درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے
میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

i. شاعر نے ہستی کو کس کی طرح بتایا ہے؟
A. حباب
B. شجر
C. پہاڑ
D. پانی

ii. لب کی نازکی کو شاعر نے کس سے تشبیہ دی ہے؟
A. گلاب کی پنکھڑی سے
B. گلاب کے پودے سے
C. نیم باز آنکھوں سے
D. شراب کی مستی سے

iii. شاعر بار بار کس کے در پہ جاتا ہے؟
A. محبوب کے
B. تاجر کے
C. استاد کے
D. دکان دار کے

iv. اضطراب کا کیا مطلب ہے؟
A. خوشی
B. بے چینی
C. حیرت
D. خواہش

v. نیم باز آنکھوں کی ساری مستی کس کی طرح ہے؟

A. موسم کی

B. بادل کی

C. شراب کی

D. ساقی کی

8-دیے ہوئے لفظوں کی مدد سے ذیل کے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ 1x4=4

رات  معین  مہرباں  گرمی  خدا

i. سورج سے ہم نے پائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھی، روشنی بھی

ii. کیا خوب چشمہ تو نے، اے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بنایا

iii. موت کا ایک دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے

iv. نیند کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھر نہیں آتی

**9- دی ہوئی ہدایت کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔**

i. درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2x2=4

دانتوں میں انگلیاں دبانا  چھٹی کا دودھ یاد آنا  جیسی کرنی ویسی بھرنی

ii. 'بد' سابقہ لگا کر دو مرکب لفظ بنایئے۔ 1x2=2

iii. درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کے متضاد لکھیے۔ 1x2=2

بدنما  آسمان  گرمی

iv. اسم نکرہ کی تعریف لکھیے۔ 2

**10-درج ذیل جملوں میں فعل (زمانہ) کی نشاندہی کیجیے۔ 1x2=2**

i. شیلا کل اسکول جائے گی۔

ii. اسلم کتاب پڑھ رہا ہے۔

11-'بے تکلفی' سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

سید احتشام حسین کی حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

12-'نیکی اور بدی' نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 5

**یا**

غاؔلب کی حالات زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

**13-درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔** **2x2=4**

i. لین شو نے پہلے خط کا جواب ملنے کے بعد دوسرے خط میں خدا کو کیا لکھا؟

ii. اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی؟

**14-درج ذیل سوا لوں کے مختصر جواب لکھیے۔** **1x3=3**

i. لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟

ii. دراوڑ کون سی زبانیں بولتے ہیں؟

iii. کس کی ناؤ پار اترتی ہے؟